© rasailojaraid.com



عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ بحرمت سید النبی الکریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ اجمعین۔

اب تیسرا واقعہ سنئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ابن سقہ یہودی کا قرض دینا تھا۔ وہ تقاضا کے لئے آیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کندھے کی چادر اتار لی اور کرتا پکڑ کر سختی سے بولا۔ عبدالمطلب کی اولاد بڑی نادہند ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے جھڑ کا اور سختی سے جواب دیا۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تبسم فرماتے رہے۔ اس کے بعد عمر فاروق سے فرمایا کہ عمر! تم کو مجھ سے اور اس سے دوسری طرح سے برتاؤ کرنا چاہئے تھا۔ تم مجھے کہتے کہ ادائیگی ہونی چاہئے اور اسے کہتے کہ تقاضا اچھے لفظوں میں کرنا چاہئے پھر زید کو مخاطب کرکے فرمایا کہ ابھی تو وعدہ میں تین دن باقی ہیں۔ پھر حضرت عمرؓ سے فرمایا کہ جاؤ اس کا قرض ادا کرو اور بیس صاع زیادہ دینا کیونکہ تم نے اسے جھڑ کا ہے۔

سبحان اللہ! کیسی تعلیم تھی اپنے اصحاب کو۔ جس کی وجہ سے حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم اخلاق کے اعلیٰ مراتب پر پہنچے اور ان کے نفوس کا کامل تزکیہ ہوا۔

ان واقعات میں ہمارے لئے بہت ہی عبرت و نصیحت ہے کہ ہمیں بھی ایسے مواقع پر ایسا ہی معاملہ کرنا چاہئے اور لوگوں کو اسی قسم کی تعلیم کرنی چاہئے۔ اگر آج ان باتوں پر عمل ہو تو پھر اصلاح عام ہو جائے اور دنیا جنت کا نمونہ بن جائے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کی توفیق دے۔ =

بقیہ ۳۳ تحریک روشنیہ

مذکورہ الہامات میں بایزید نے چند دعوے کئے ہیں۔

اولاً یہ کہ اس نے اپنے اور مریدوں کے گناہ اللہ تعالیٰ سے بخشوا لئے ہیں۔

ثانیاً یہ کہ اس نے اپنے اوپر اور اپنے مریدوں پر خدا کی رحمتیں اور برکتیں نازل کرائی ہیں۔

ثالثاً یہ کہ حدیث نبوی کے حوالے سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے اپنے اوپر اور اپنے مریدوں پر رحمتیں اور برکتیں بھجوائی ہیں۔

رابعاً یہ کہ وہ قیامت کے دن اپنے لئے اور اپنے مریدوں کے لئے ایک امتیازی شان اور قابل رشک مقام کا مدعی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ اس نے اپنے آپ کو اور اپنے مریدوں کو "خوف خاتمہ" سے بالکل مامون کر دیا ہے اور اہل بہشت ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ اور انبیاء علیہم السلام سے امتیازی شان کے حامل ہونے کا دعویٰ الگ ہے۔ اس لئے حضرت اخوند درویزہ بابا رحمۃ اللہ علیہ نے اس ضمن میں اسلامی عقائد و مسائل کی تبلیغ و توضیح کرتے ہوئے مسلمانوں کی بروقت صحیح رہنمائی کی۔ چنانچہ فرمایا

"گاہی پیران خود را خدا می گویند و بعضے پیغمبری گویند۔ و بعضے مامون از خوف خاتمہ و اہل بہشت یقین می دارند و بدیں معتقدات کافری گردند (تذکرۃ الابرار و الاشرار ۱۳۹)

ترجمہ: کبھی اپنے پیروں کو خدا کہتے ہیں اور بعض ان کو خوف خاتمہ سے مامون اور اہل بہشت یقین کرتے ہیں اور ان معتقدات پر کافر ہو جاتے ہیں +

© rasailojaraid.com